رہبر معظم نےحجۃ الاسلام شہیدی کو شہیدفاؤنڈیشن میں نمائندہ ولی فقیہ مقرر کیا - 18 /Sep/ 2013

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے ایک حکم میں حجۃ الاسلام والمسلمینسید محمد علی شہیدی محلاتی کو سابق فوجیوں اور شہید فاؤنڈیشن میں نمائندہ ولی فقیہ کے عنوان سے مقرر کیاہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے حکم کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جناب حجۃ الاسلام والمسلمین آقائ حاج سید محمد علی شہیدی محلاتیدامت تائیداتہ

جنابعالی کے سابق فوجیوں اور شہید فاؤنڈیشن کے سربراہ مقرر ہونے اوراپنے اعتماد کی بناپر آپ کو اس مقدس فائنڈیشن میں اپنا نمائندہ مقرر کرتاہوں ۔فاؤنڈیشن کے بنیادی آئین نامہ کے موارد پر عمل کے علاوہسابق عزیزفوجیوں اور شہداء کے اہلخانہ کے معنوی اور ثقافتیامور پر خاص توجہ مبذول کرنا نمائندگی ولی فقیہ کی اہم ذمہ داری ہے جو ملک کے استقلال، انقلاب کے اصلی سرمایہ گزار اور شہادت کے وارث ہیں اور امید ہے کہ آپ اپنے گذشتہ تجربات سے استفادہ کرتے ہوئے اس اہم ذمہ داری کو بحسن و خوبی انجام دیں گے۔

اس فائنڈیشن میں ربع قرن تک سابق فوجیوں اور شہداءکےاہلخانہ کی صادقانہ ، ممتاز اور گرانقدرخدمات سرانجام دینے پر جناب حجۃ الاسلام والمسلمین آقائ شیخ محمد حسن رحیمیان کا شکریہ اداکرنا لازم سمجھتا ہوں اور اس سلسلے میں ان کے قابل قبول اور درخشاں کارنامہ پر شکر وسپاس گزار ہوں ۔

اس عظیم و سنگین ذمہ داری کو انجام دینے میں اللہ تعالی کی بارگاہ سے آپ کے لئے توفیق طلب کرتاہوں۔

سید علی خامنہ ای

27/شہریور/ 1392